COVID-19 کا تشخیصی عمل اور اینٹی باڈی کی ٹیسٹنگ

COVID-19 کے تشخیصی عمل کا مفت ٹیسٹ

COVID-19 کے تشخیصی عمل کا ٹیسٹ محفوظ، مفت، اور آسان ہے۔ ناک کا سواب، دہنی سواب یا لعاب کا نمونہ استعمال کیا جا سکتا ہے۔

پورے شہر میں COVID-19 کی 100 سے زائد سہولتی تشخیصی ٹیسٹنگ سائٹس موجود ہیں۔ اپنی قریبی ٹیسٹنگ سائٹ کو تلاش کرنے کے لیے **یہاں کلک کریں**۔

کون ٹیسٹ کروا سکتا ہے؟

ٹیسٹ کروائیں اگر آپ:

- اپنے اہل خانہ اور اپنے آپ کو محفوظ رکھنا چاہتے/چاہتی ہیں
- COVID-19 کی علامات جیسے بخار، کھانسی، سانس لینے میں مشکل یا ذائقے یا سونگھنے کی حس ختم ہونا
- کسی ایسے شخص کے ساتھ قریبی رابطے میں رہے ہوں جس کا ٹیسٹ مثبت آیا ہے
- ابتدائی ردعمل دینے والے یا نگہداشت صحت کے کارکن ہیں
- نرسنگ ہوم، پناہ گاہ یا بالغان کی نگہداشت کی سہولت میں کام کرتے ہوں

نتائج آنے میں کتنا وقت لگتا ہے؟

زیادہ تر نتائج تقریباً 48 گھنٹوں میں واپس آ جاتے ہیں۔

کیا مجھے بیمہ کی ضرورت ہے؟

تشخیصی ٹیسٹ کروانے کے لیے آپ کو بیمہ کی ضرورت نہیں ہے۔

رازداری

آپ کے ٹیسٹ کے نتائج رازدارانہ ہوں گے۔

COVID-19 اینٹی باڈی ٹیسٹنگ

COVID-19 اینٹی باڈی ٹیسٹ اینٹی باڈیز — آپ کے خون میں موجود پروٹینز جو انفیکشنز سے لڑتے ہیں کو تلاش کرنے کے لیے خون کا ٹیسٹ ہوتا ہے۔ ٹیسٹ آپ کی انگلی کے ذریعے لیا جاتا ہے۔ اینٹی باڈیز کا مثبت ٹیسٹ کا لازمی طور مدافعت ہونے کا نشان کار نہیں ہے۔

COVID-19 اینٹی باڈی ٹیسٹ کہاں سے کروانا ہے کے متعلق معلومات کے لیے **COVID-19 شہر بھر کا معلوماتی پورٹل** ملاحظہ کریں۔

کون شرکت کر سکتا ہے؟

آپ کو اینٹی باڈی ٹیسٹ کروانا چاہیئے اگر آپ کو:

- COVID-19 کی علامات نہیں ہیں
- گزشتہ دو ہفتوں میں بیمار نہیں ہوئے
- گزشتہ دو ہفتوں میں COVID-19 کے لیے مثبت ٹیسٹ نہیں آیا

فوائد

آپ کو معلوم ہو گا کہ آیا آپ کو COVID-19 تھا اور آپ وائرس سے لڑنے کے لیے ویکسینز اور دیگر طریقوں پر تحقیق کے ارتقا میں مدد دیں گے۔

نتائج آنے میں کتنا وقت لگتا ہے؟

نتائج کے آنے میں تقریباً 48 گھنٹے لگتے ہیں۔

کیا مجھے بیمہ کی ضرورت ہے؟

اینٹی باڈی ٹیسٹ کروانے کے لیے آپ کو بیمہ کی ضرورت ہے۔

رازداری

آپ کی تمام معلومات صیغۂ راز میں رکھی جاتی ہیں۔